# سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ 2021

# SINDHACT NO.XIX OF 2021

# سندھ ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی (ترمیم) ایکٹ، 2021

# THE SINDH EMPLOYEES SOCIAL SECURITY (AMENDMENT) ACT, 2021

## فہرست(CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2۔ 2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of Section 2 of Sindh Act No.VI of 2016

3۔ 2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI میں دفعہ 20-A کی شمولیت

Insertion of Section 20_A in Sindh Act No.VI of 2016

# سندھ ایکٹ نمبر XIX مجریہ 2021

# SINDHACT NO.XIX OF 2021

# سندھ ایمپلائیز سوشل سکیورٹی (ترمیم) ایکٹ، 2021

# THE SINDH EMPLOYEES SOCIAL SECURITY (AMENDMENT) ACT, 2021

[4اگست 2021]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ ایمپلائیز سوشل سکیورٹی ایکٹ، 2016 میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ ایمپلائیز سوشل سکیورٹی ایکٹ، 2016 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو کہ اس طرح سے ہو گی؛

اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1۔(1) اس ایکٹ کو سندھ ایمپلائیز سوشل سکیورٹی (ترمیم) ایکٹ، 2021 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of Section 2 of

2۔سندھ ایمپلائیز سوشل سکیورٹی ایکٹ، 2016 میں، جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2 میں:

(i) ذیلی دفعہ (9) میں، الفاظ "بیان کردہ یا عائد کردہ" کے بعد الفاظ

"سیلف ایمپلائیڈ ورکر" شامل کیئے جائیں گے؛

(ii) ذیلی دفعہ (27) کے بعد نئی ذیلی دفعات شامل کی جائیں گی:

Sindh Act No.VI of 2016

"(27-A) "سیلف ایمپلائیڈ ورکر" سے مراد وہ شخص جو خود کو کسی کام میں مصروف رکھتا ہے، مثلاً ڈیلی ویجز مزدور، تعمیراتی مزدور، گھریلو مزدور، ٹرانسپورٹ مزدور، فشریز مزدور، زرعی مزدور، سیزنل مزدور اور وہ مزدور جسے سندھ دکان اور کمرشل اسٹیبلشمنٹ ایکٹ، 2015 (2016 کے سندھ ایکٹ نمبر XII) کے تحت ملازمت پر رکھا گیا ہو؛

(27-B) "سمارٹ کارڈ" سے مراد نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کی طرف سے بینظیر مزدور کارڈ تمام سکیورڈ ورکرز کو سوشل سکیورٹی اسکیم کے تحت سوشل سکیورٹی سے ملنے والے فوائد کے مقصد کے لیئے دیا جائے گا۔"۔

2016 کے سندھ ایکٹ نمبر VI میں دفعہ 20-A کی شمولیت

Insertion of Section 20_A in Sindh Act No.VI of 2016

3۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 20 کے بعد درج ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

20-A۔ سیلف ایمپلائیڈ ورکرز کی طرف سے کنٹری بیوشن۔ جب تک کچھ اس ایکٹ میں شامل نہ ہو، ایمپلائیز کی طرف سے ملازمت پر رکھے گئے ملازمین کے علاوہ دیگر ملازم ادارے کو پندرہ سو روپے ماہانہ مقررہ شرح پر ایسی شرائط کے تحت حصہ ادا کریں گے، جیسا بیان کیا گیا ہو۔"۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**